Urdu




# بزرگ اور معذور افراد کیلئے آگ سے بچاؤ کی تدابیر

گھر میں آگ لگنے کی صورت میں بزرگ افراد اور معذور افراد کیلئے جل جانے یا زندہ نہ بچنے کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ ایسا عام طور پر تب ہوتا ہے جب معذوری یا بیماری کی وجہ سے انسان کی اہلیت متاثر ہو رہی ہو۔ اپنی صورتحال پر غور کریں۔ کیا ٹھیک سنائی نہ دینے یا دکھائی نہ دینے کی وجہ سے ممکن ہے کہ آپ کو دیر سے آگ لگنے کا احساس ہو؟ کیا چلنے پھرنے کے قابل نہ ہونے کی وجہ سے اس پر کوئی فرق پڑے گا کہ آپ اپنے گھر میں آگ لگنے کی صورت میں آگ سے بچ کر نکل سکیں؟ گھر میں آگ لگنے سے بچاؤ کی تدابیر کے کتابچے کے ساتھ ساتھ اس بروشر میں درج معلومات اس لیے ترتیب دی گئ ہیں کہ آپ کیلئے آگ کا خطرہ کم کرنے میں مدد کی جائے۔

## جلد خبردار ہونا

بزرگ اور معذور افراد کے ساتھ آگ لگنے کے حادثات زیادہ تر ان آگ سے اموات کے بیشتر واقعات بزرگوں یا معزور لوگوں کے ساتھ ایسے گھروں میں ہوتے ہیں جہاں درست کام کرنے والا سموک الارم نہ ہو یا سموک الارم کی جگہ موزوں نہ ہو۔ ہر شخص کیلئے جلد خطرے سے خبردار ہونا انتہائی اہم ہے۔ معذور افراد کیلئے یہ ناگزیر ہے۔

- **ایک سے زیادہ سموک الارم**

ایک سے زیادہ سموک الارم ہوں تو آپ کیلئے آگ سے جلد خبردار ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ اپنے بارے میں اور اپنے گھر کے بارے میں سوچیں۔ کیا آپ گھر کے کچھ حصوں کے دروازے بند رکھتے ہیں؟ سموک الارم کس حصے میں ہے؟ اگر آپ تمباکو نوشی کرتے ہیں تو کیا ہر اس کمرے میں سموک الارم ہے جہاں آپ تمباکو نوشی کرتے ہیں؟ کیا آپ کبھی کبھار دوائی کے اثر یا شراب کے نشے میں ہوتے ہیں؟ کیا گھر کے پرلے حصے میں لگا سموک الارم آپ کو جگا سکے گا یا خبردار کر سکے گا؟

- **ایک دوسرے سے منسلک سموک الارم**
ایک سموک الارم کو وائرلیس رابطے یا چھت میں سادہ وائرنگ کے ذریعے دوسرے سموک الارم سے جوڑا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کے گھر کے ایک کمرے میں سموک الارم کام کر رہا ہو تو گھر میں اس سے جڑے ہوئے تمام سموک الارم کام شروع کر دیں گے۔
- **بہرے اور کمزور سماعت والے افراد کیلئے سموک الارم**
بہرے اور کمزور سماعت والے افراد کیلئے ایسے سموک الارم ملتے ہیں جو گھومنے والی فلیش لائٹ اور بستر میں لرزش پیدا کرنے والے پیڈ کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ ممکن ہے آپ حکومت کی رعایتی سکیم کے تحت یہ الارم لینے کے اہل ہوں۔ اگر آپ آفس آف ہاؤسنگ سے ملنے والے کرایے کے مکان میں رہتے ہیں تو آپ کو اپنے مقامی ہاؤسنگ آفس سے رابطہ کر کے مزید معلومات حاصل کرنی چاہیئں۔
- **پرسنل (ذاتی) الارم سے منسلک سموک الارم**
سموک الارم کے پرسنل الارم سے منسلک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اگر سموک الارم بجنا شروع ہو جائے تو پرسنل الارم کی خبرگیری کرنے والی ایجنسی کو اطلاع چلی جائے گی۔ یہ الارم فی الحال حکومت کے رعایتی پرسنل الارم پروگرام کے تحت دستیاب نہیں ہیں۔
- **ٹیسٹنگ**
یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ کا سموک الارم ہر مہینے ٹیسٹ کیا جائے۔ کسی رشتے دار، دوست یا ہمسایے سے کہیں کہ وہ آپ کو دکھائیں کہ الارم کس طرح ٹیسٹ کیا جاتا ہے یا ان سے اپنا الارم ٹیسٹ کروائیں۔

## آگ لگنے پر کیا کرنا ضروری ہے

MFB کا مشورہ ہے کہ کمزور یا معذور کم اہلیت کے افراد کو آگ بجھانے کی کوشش کرنے کی بجائے گھر سے باہر نکل جانا چاہیئے۔ ہنگامی حالات میں گھر سے بحفاظت نکلنے کا پلان بنا کر رکھیں تاکہ آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کوئی بھی ہنگامی صورتحال پیدا ہونے پر بحفاظت باہر نکل سکیں۔ اپنی دیکھ بھال کرنے والے کسی رشتے دار، دوست یا ہمسایے کے ساتھ اس پلان کی مشق کریں تاکہ وہ یہ جاننے میں آپ کی مدد کر سکیں کہ پلان کے کن حصوں کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ یقینی بنائیں کہ:

- آپ کی خوابگاہ گھر سے نکلنے کے راستے کے قریب ہو،
- اپنی خوابگاہ میں بے ترتیب چیزوں کے انبار نہ لگنے دیں تاکہ آپ کے بستر کے گرد اور دروازے کے سامنے آنے جانے کیلئے کھلی جگہ رہے،
- چلنے پھرنے کیلئے آپ کو جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے، وہ رات کو خوابگاہ میں آپ کے قریب رہیں تاکہ آپ آسانی سے ان تک پہنچ سکیں،

- گھر کے اندر کے سب دروازے رات کو کھلے چھوڑنے پر غور کریں تاکہ نکلنا آسان رہے،
- اگر آپ کے پاس پرسنل الارم ہے تو بستر میں اسے پہنے رکھیں،
- جب آپ گھر پر ہوں تو چابی سے کھلنے والے دروازوں یا حفاظتی جالیوں کے تالوں میں چابیاں لگی رہنے دیں اور گھر میں موجود ہونے کی صورت میں کبھی دروازوں کو ایسے لاک نہ کریں کہ کھولنے کیلئے چابی ضروری ہو،
- گھر سے نکلتے ہوئے جتنا زیادہ سے زیادہ ہو سکے، فرش کے قریب رہیں تاکہ آپ دھوئیں سے بچے رہیں،
- گھر سے باہر نکل جائیں اور باہر ہی رہیں،
- Triple Zero (000) کو فون کریں یا کسی ہمسایے سے فون کرنے کو کہیں۔

اگر آپ مدد کے بغیر اپنے گھر سے نہ نکل سکتے ہوں تو آپ کو چاہیئے کہ:

- اپنے بستر کے پاس ایک فون رکھیں جسے پروگرام کر کے اس میں Triple Zero (000) نمبر ڈال دیا گیا ہو،
- Triple Zero (000) ملا کر آپریٹر کے فون اٹھانے کا انتظار کریں، پھر لفظ FIRE (آگ) کہیں، آگ بجھانے والے عملے سے کال ملائی جانے کا انتظار کریں اور پھر عملے کو بتائیں کہ آپ کے گھر میں آگ لگ گئ ہے اور آپ کو باہر نکلنے کیلئے مدد کی ضرورت ہے،
- فون پکڑے رکھیں تاکہ آپ انہیں بتا سکیں کہ آپ کہاں ہیں،
- فرش کے زیادہ سے زیادہ قریب ہو جائیں اور دھوئیں اور حرارت سے بچ کر رہیں،
- اگر ہو سکے تو اپنے کمرے کا دروازہ بند کر لیں اور دروازے کے نیچے درز میں تولیے، چادریں، اور/یا کپڑے ٹھونس کر کمرے میں دھواں داخل ہونے سے روکیں۔

## مزید مشورے

- یہ یقینی بنائیں کہ سڑک پر آپ کے مکان کا نمبر صاف دکھائی دیتا ہو تاکہ ایمرجنسی سروسز والے آپ کا گھر آسانی سے تلاش کر سکیں،
- اگر آپ کو روزمرّہ زندگی میں اپنے گھر میں چلنے پھرنے میں مشکل ہوتی ہے تو ہو سکتا ہے اس وجہ سے ہنگامی صورتحال میں آپ کا گھر سے جلد بحفاظت نکلنا مشکل ہو جائے۔ فزیو تھراپی اور/یا آکوپیشنل تھراپی کرنے والوں سے رابطہ کرنے پر غور کریں تاکہ وہ آپ کے حالات کا جائزہ لے کر یہ مشورہ اور معلومات دیں کہ آپ کس طرح زیادہ سے زیادہ خودمختارانہ اور محفوظ زندگی گزار سکتے ہیں،
- اگر آپ کیلئے خود صحیح طرح کام کاج کرنا جیسے بحفاظت کھانا پکانا مشکل ہے تو اپنی لوکل کونسل یا کسی پرائیویٹ سروس سے رابطہ کرنے پر غور کریں تاکہ آپ ان سے مدد لے سکیں اور/یا تیار کھانا منگا سکیں،
- اگر انسان کو غیر ضروری چیزیں جمع کرتے رہنے کی عادت ہو تو آگ لگنے اور اس سے بچ کر نہ نکل پانے کا خطرہ بہت بڑھ جاتا ہے۔ لہذا گھر کی راہداریوں اور دروازوں کے آس پاس چیزیں نہ اکٹھی ہونے دیں،
- اگر آپ میڈیکل آکسیجن استعمال کرتے ہیں تو ہمیشہ سپلائر کے دیے ہوئے حفاظتی مشوروں پر عمل کریں۔ عمل نہ کرنے کی صورت میں آگ لگنے کا امکان بڑھ جائے گا اور آگ زیادہ شدید ہو گی۔

مندرجہ ذیل کے بارے میں مزید معلومات کیلئے:

- آکوپیشنل تھراپی/فزیوتھراپی سروسز/حکومت کے خرچ پر ملنے والے پرسنل الارم کے بارے میں مزید معلومات کیلئے اپنے مقامی کمیونٹی ہیلتھ سنٹر سے رابطہ کریں
- بہرے اور کمزور سماعت والے افراد کیلئے سموک الارم کی رعاتی سکیم کے بارے میں مزید معلومات کیلئے
  TTY 9473 1199، Vicdeaf 9473 1111،
  info@vicdeaf.com.au
- مدد کے ساتھ زندگی گزارنا
  9666 4500 Yooralla Independent Living Centre
  yooralla@yooralla.com.au
- نابینا یا کمزور نظر رکھنے والوں کیلئے خدمات اور آلات و وسائل کے بارے میں پتہ کرنے کیلئے
  Vision Australia سے رابطہ کریں 1300 84 74 66،
  info@visionaustralia.org.au
- ڈیمینشیا کے ساتھ زندگی گزارنا
  Alzheimer's Australia Vic 9815 7800
  alz@alzvic.asn.au
- بزرگ افراد کے گروپوں کیلئے آگ لگنے کی صورت میں حفاظتی تدابیر کی عملی وضاحت، سموک الارم یا غیر ضروری سامان جمع کرنے کی عادت اور آگ لگنے کے خطرے کے بارے میں
  MFB Community Resilience سے رابطہ کریں – (03) 9665 4464 –
  commres@mfb.vic.gov.au

**Metropolitan Fire Brigade (MFB)   www.mfb.vic.gov.au**

© Metropolitan Fire & Emergency Services Board – P449T

V1 – May 2012